© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

- مشرف کے خلاف بگٹی کے قتل کا مقدمہ، سیشن کورٹ سبی میں رٹ دائر، پٹیشن سماعت کے لیے منظور۔ (ایک خبر)

جو چپ رہے گی زبانِ خنجر لہو پکارے گا آستیں کا

- حکمران روٹی مانگنے والے عوام کو گانے سنا رہے ہیں۔ (پرویز الٰہی)

چوروی کہندے چورو چور

- پاکستان کو تعلیم کے لیے فنڈ دیتے تو لوگ بچے انتہا پسندوں کے پاس نہ بھیجتے۔ (ہلیری)

سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا

- پرویز مشرف کا ٹرائل ہوا تو سیاست چھوڑ دوں گا۔ (شجاعت)
- پرویز مشرف کا حشر کر کے دکھائیں گے۔ (جاوید ہاشمی)

دونوں طرف ہے آگ برابر لگی ہوئی

- رمضان بازار میں عزتِ نفس کی نیلامی: آٹا چینی کے لیے طویل قطاریں، ہاتھا پائی، جھگڑے، لاٹھی چارج۔ (ایک خبر)

لیناں دے وچ دھیاں بھیناں
آکھن گھیو تے آٹا لیناں
اَگے منڈے پچھے منڈے
نِت تماشا ویکھن غنڈے

- اپنی مسلم لیگ بناؤں گا۔ کسی بھی وقت پاکستان لوٹ سکتا ہوں۔ (مشرف)

تدبیر کند بندہ، تقدیر کند خندہ۔ تو بھی لیگ بنا کے دیکھ

- مشرف مہاجر ہیں۔ ایم کیو ایم کسی کو انھیں نقصان نہیں پہنچانے دے گی۔ (الطاف حسین)

بلا تبصرہ!



© rasailojaraid.com